© rasailojaraid.com

**اسلام میں خواتین کا کردار** | مصنف: عاصم نعمانی - ناشر: حرا پبلی کیشنز، اُردو بازار، لاہور - صفحات: ۱۰۰ - قیمت: -/۱۸ روپے

اس کتابچے میں عورت کی حیثیت، اُس کے حقوق اور اس کی ذمہ داریوں کے بارے میں قرآن و حدیث کی روشنی میں بحث کی گئی ہے۔ ضمنی طور پر عورت کے دائرۂ کار، تعددِ ازدواج، امہات المومنینؓ، حضورؐ کی صاحبزادیوں، مسئلہ طلاق، خُلع اور لونڈیوں کے بارے میں بھی کچھ مباحث درج کیے گئے ہیں۔ آخر میں پردے اور حجاب کے احکام بھی بیان کیے گئے ہیں۔ اس کے علاوہ کلامِ اقبالؒ کے حوالے سے بھی عورت کے تصور کو اُجاگر کیا گیا ہے۔

دعوتِ دین کے فطری اور سیدھے سادے اُسلوب میں تمام موضوعات کو بیان کیا گیا ہے۔ اور بہت مفید معلومات اور احکامِ دین تحریر کیے گئے ہیں۔

اچھی لکھائی چھپائی اور بہت خوبصورت ٹائیٹل سے یہ کتابچہ مزین ہے۔ اور پیپر بیک میں ہے۔

---

**اسلام پر اعتراضات کا علمی جائزہ** | از جناب محمد موسیٰ بھٹو - ناشر: سندھ نیشنل اکیڈمی - پوسٹ بکس نمبر ۲۵۸ - حیدر آباد - قیمت: -/۲۵ روپے۔

اہلِ تخریب کا ہمیشہ سے یہ مسلک رہا ہے کہ وہ وحدت کو کاٹتے ہیں۔ مسلمات کے خلاف لڑائی لڑتے ہیں، شکوک اُبھارتے ہیں۔ اور اعتماد کو ختم کرتے ہیں۔ جی ایم سید جیسے بزرگ سے اتنی پست ذہنیت کی توقع تو نہیں کی جا سکتی۔ جی ایم سید نے برسوں سے سندھ میں پاکستان کے خلاف ہی نہیں، خود اسلام کے خلاف جنگ چھیڑ رکھی ہے۔ اسی فضا میں سندھ کا کلہاڑی ازم برآمد ہوا۔ اور اب وہ کلاشنکوف ازم میں ڈھل کر انسانیت کے سینے پر ناچ رہا ہے۔ خیر مدعا یہ کہ جی ایم سید نے اسلام کے خلاف عقائد، اُصولوں، حرام حلال کی حدود، قومیت کے تصورات اور ہر چیز

© rasailojaraid.com